بسم اللہ الرحمن الرحیم
مقالاتِ کاظمی
حصہ دوم
علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی
مکتبہ ضیائیہ
بوہڑ بازار، راولپنڈی، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حصہ دوم

علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی

مکتبہ ضیائیہ

بوہڑ بازار

راولپنڈی

کتاب ________ مقالاتِ کاظمی
جلد ________ دوم
تصنیف ________ علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی
کتابت ________ محمد حنیف گل، محمد مشتاق سیالوی
طباعت بار اوّل ________ رجب المرجب ۱۳۹۸ھ
مطبع ________
صفحات ________ ۵۶۸
قیمت ________

۲۵۔ دیوبندیوں کا مذہب

حضرات اکابر دیوبند کے نزدیک انبیائے کرام علیہم السلام اپنی امت سے صرف علم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں۔ عملی امتیاز انہیں حاصل نہیں ہوتا۔ مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند اپنی کتاب "تحذیر الناس" میں صفحہ ۵ پر تحریر فرماتے ہیں،

"انبیاء اپنی امت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں، باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہوجاتے ہیں بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔"

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی امت سے جس طرح علم میں ممتاز ہوتے ہیں اسی طرح عمل میں بھی پوری امتیازی شان رکھتے ہیں۔ جو شخص انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اس امتیاز کا منکر ہے، وہ شان نبوت میں تخفیف کا مرتکب ہے۔

۲۶۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند اللہ تعالیٰ کے چھوٹے بڑے سب بندوں کو بے خبر اور نادان کہتے ہیں۔ دیکھئے تقویۃ الایمان صفحہ ۳ پر لکھا ہے:

"ان باتوں میں سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے سب یکساں بے خبر اور نادان ہیں۔"

اہل سنت کا مذہب

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بے خبر اور نادان کہنا بارگاہ نبوت میں سخت دریدہ دہنی ہے اور ایسا کہنا بدترین جہالت و گمراہی ہے۔

۲۷۔ دیوبندیوں کا مذہب

حضرات علماء دیوبند انبیاء علیہم السلام کو اپنی امتوں کا سردار کن معنوں میں مانتے ہیں۔

تقویۃ الایمان صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے،

"جیسا ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار، سو ان معنوں کو ہر پیغمبر اپنی